اُردو (لازمی)	(1st A 225) سیکنڈری سکول پارٹ II (دہم)	پرچہ: II	پہلا گروپ
وقت: 2:10 گھنٹے	انشائی		مارکس : 60

حصہ اول

2 - درج ذیل اشعار میں حصہ نظم میں سے کوئی تین اور حصہ غزل میں سے کوئی دو کی تشریح کیجیے۔ (6+4 = 10)

حصہ نظم

(3x2 = 6)

i - غریبوں کی جاں کو، یتیموں کے دِل کو ..... سکوں ہو گیا ہے، قرار آ گیا ہے

ii - سر نگوں رہتی ہیں جس سے قوتیں تخریب کی ..... جس کے بُوتے پر لچکتی ہے کمر تہذیب کی

iii - جھیل گئے دکھ جھیلنے والے، اب ہے کام ہمارا ..... ایک رہیں گے، ایک رہے گا، ایک ہے نام ہمارا

iv - پانی تھا آگ، گرمیِ روزِ حساب تھی ..... ماہی جو سیخِ موج تک آئی، کباب تھی

حصہ غزل

(2x2 = 4)

i - کاروبارِ جہاں سنورتے ہیں ..... ہوش جب بے خودی سے ملتا ہے

ii - ایک مُدّت سے تری یاد بھی آئی نہ ہمیں ..... اور ہم بھول گئے ہوں تجھے، ایسا بھی نہیں

iii - جلنا تو چراغوں کا مقدّر ہے ازل سے ..... یہ دِل کے کنول ہیں کہ بجھے ہیں نہ جلے ہیں

حصہ دوم

3 - درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے، سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے۔ (5+5 = 10)

(الف) انگریزوں کے علمی ذوق کی مدح وستائش بہت کی جاتی ہے، مگر خود ولیم راجرز نے اپنی مشہور تصنیف توپ کاپی میں یہ گلہ کیا ہے کہ انگریزوں نے بہت سے مسلم اداروں اور خاص طور پر بیت الحکمت کا ذکر تو ضرور کیا ہے لیکن توپ کاپی کو نظر انداز کر دیا، جہاں قدیم اسلامی عہد کی نادر و نایاب کتابیں بہ کثرت موجود ہیں اور مخطوطات و مسوّدات کے لحاظ سے بھی دنیا کے عجائب خانے اور بہت سے میوزیم اس کے مقابلے میں ہیچ ہیں۔ تقریباً ہر علم و فن سے متعلق اہم کتابیں یہاں موجود ہیں۔

(ب) میرا ماتھا وہیں ٹھنکا کہ اگر یہی حال رہا تو یہاں بھی فرصت معلوم! خیر سیکڑوں حیلے حوالوں سے اس وقت تو مَیں بچ گیا اور میرے میزبان بھی میری وجہ سے نہ گئے مگر مجھے بہت جلد معلوم ہو گیا کہ جس عنقا، یعنی یک سُوئی کی تلاش میں مَیں سرگرداں تھا، وہ مجھے یہاں بھی نہ ملے گی۔

(ورق اُلٹیے)

4 - درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ (10)

i - عیدالفطر کا ہماری تہذیبی اور دینی زندگی سے کیا تعلق ہے؟

ii - سلطان ٹیپو نے کن ممالک کو اپنے ساتھ ملانے کی کوشش کی؟

iii - قُلی کو جب مزدوری کے طور پر اٹھنی ملی تو اس کے جذبات کیا تھے؟

iv - لوگ بچوں کے علاج کے لیے نام دیو کے پاس کیوں آتے تھے؟

v - افسانہ کی تعریف لکھیے۔

vi - انسان کو انسان کا عرفان ہونے سے کیا مراد ہے؟

vii - حفیظ جالندھری کی باعثِ فخر تخلیق کون سی ہے؟

viii - شاعر کو کس کی یاد کتنے عرصے سے نہیں آئی؟

5 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (5)

(الف) چُغل خور (ب) مُلَمّع

6 - درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔ (15)

(الف) حُبِّ وطن (ب) لائبریری (ج) دہشت گردی

7 - درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔ (10)

علامہ اقبالؒ کی انفرادیت یہ ہے کہ وہ ایک باعمل شاعر تھے۔ انہوں نے شعر کے ذریعے سے اسلامی تعلیمات، حسنِ اخلاق، خودی، فقر، درویشی اور مغرب سے بے زاری کی تلقین کی اور اپنے عمل کے ذریعے اس کا ثبوت مہیا کیا۔ انہوں نے مسلمانوں کی سیاسی جدوجہد میں اپنی ہمت اور طاقت کے مطابق شرکت کی۔ گول میز کانفرنس میں شرکت کے لیے یورپ کا سفر کیا۔ اسلامی کانفرنس میں شرکت کے لیے فلسطین گئے۔ نیز اسلامی افکار اور فلسفہ کی اشاعت کے لیے ہندوستان کے مختلف علاقوں دہلی، حیدر آباد (دکن)، مدراس اور بنگلور وغیرہ کے دورے کیے۔ مسلمانوں کے اصرار پر پنجاب اسمبلی میں مسلمانوں کے حقوق کے لیے انتخاب میں حصہ لیا اور تین سال تک اسمبلی میں مسلمانوں کے حقوق کی جنگ لڑی۔ حتیٰ کہ اسلام کے نفاذ کے لیے ایک الگ خطہ زمین کے حصول کی راہ دکھائی۔ پوری دُنیا کے مسلمانوں کو آزادی اور تعمیرِ نو کا ولولہ تازہ عطا کیا۔

سوالات:

i - علامہ اقبالؒ کی شاعرانہ تلقین میں کیا کیا شامل ہے؟

ii - علامہ اقبالؒ نے کن لوگوں کو آزادی اور تعمیرِ نو کا ولولہ تازہ عطا کیا۔

iii - علامہ اقبالؒ نے اسلامی افکار کی اشاعت کے لیے کن علاقوں کا دورہ کیا؟

iv - علامہ اقبالؒ نے کتنے عرصے تک پنجاب اسمبلی میں مسلمانوں کے حقوق کی جنگ لڑی؟

v - اس عبارت کا موزوں عنوان تجویز کیجیے۔

رول نمبر امیدوار : ____________

اُردو (لازمی)	(1st A 225-I) سیکنڈری سکول پارٹ II (دہم)	پرچہ: II	دوسرا گروپ
وقت: 20 منٹ	معروضی Code: 7022		مارکس : 15

سوال نمبر 1 ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

نمبر شمار	سوالات	A	B	C	D
1	''اجی حضرت'' گرامر کی رو سے ہے	حرفِ علت	حرفِ ندا	حرفِ جار	حرفِ تشبیہ
2	''وہ چل دیا'' میں ''دیا'' گرامر کی رو سے ہے	فعل مستقبل	فعل امر	فعل حال	امدادی فعل
3	سبق ''نام دیو مالی'' میں کس شاعر کا شعر شامل کیا گیا ہے؟	غالبؔ	فیضؔ	اقبالؒ	حالیؔ
4	علامہ اقبالؒ اپنی بیٹی منیرہ کو پیار سے کہا کرتے تھے	بانو	گڑیا	چندا	رانی
5	درست اعراب کی نشاندہی کیجیے	مُشَاعِرہ	مِشَاعِرہ	مُشَاعَرہ	مَشَاعَرہ
6	فعل ماضی کی اقسام ہیں	2	4	6	8
7	سبق ''مُلَمَّع'' میں گاڑی کے آنے کا کیا وقت تھا؟	ساڑھے گیارہ	پونے بارہ	گیارہ	بارہ
8	مصنف نے کس مصیبت کو فقیر کے لیے نعمت تصور کیا ہے؟	دوست نہ ہونا	روٹی نہ ہونا	بھیک مانگنا	غریب الوطنی
9	جوش ملیح آبادی کا اصل نام تھا	عبدالطیف	دلاور حسین	علی سکندر	شبیر حسن خاں
10	پرستان میں پھل دار پودے بڑے تھے	ایک فٹ	بالشت بھر	گز بھر	دو فٹ
11	مسلم لیگ کس نے قائم کی؟	نواب وقار الملک	قائدِ اعظمؒ	نواب محسن الملک	سر سید احمد خاں
12	درست اعراب کی نشاندہی کیجیے	حَلَال	حُلَال	حِلَال	حَلُال
13	مرزا صاحب پنشن کا بڑا حصہ صرف کر دیتے تھے (بحوالہ مرزا محمد سعید)	خیرات کرنے میں	کتابوں پر	جائیداد خریدنے پر	کھانے پینے پر
14	اِک شمع بجھائی تو	بے سکون ہو گئے	ہم پچھتائے بہت	کئی اور جلائیں	سو رہے
15	نظم ''اونٹ کی شادی'' کے شاعر ہیں	محمود سرحدی	سید محمد جعفری	سید ضمیر جعفری	دلاور فگار

اُردو (لازمی)	(1st A 225) سیکنڈری سکول پارٹ II (دہم)	پرچہ: II	دوسرا گروپ
وقت: 2:10 گھنٹے	انشائی		مارکس : 60

حصّہ اول

2 - درج ذیل اشعار میں حصہ نظم میں سے کوئی تین اور حصہ غزل میں سے کوئی دو کی تشریح کیجیے۔ (6+4 = 10)

حصہ نظم

(3x2 = 6)

i - نظامِ آسمانی ہے اُسی کی حکمرانی سے …… بہارِ جاودانی ہے اُسی کی باغبانی سے

ii - ہے کوئی، ہنگامہ تیری تُربتِ خاموش میں …… پل رہی ہے ایک قومِ تازہ اس آغوش میں

iii - مرے بنّے کو مبارک یہ خُوش گوار گھڑی …… کہ سر کا درد بڑھا ناک میں نکیل پڑی

iv - گرداب پر تھا شعلۂ جَوّالہ کا گماں …… انگارے تھے حباب تو پانی شرر فشاں

حصہ غزل

(2x2 = 4)

i - کاروبارِ جہاں سنورتے ہیں …… ہوش جب بے خودی سے مِلتا ہے

ii - یہ فخر تو حاصل ہے ، بُرے ہیں کہ بھلے ہیں …… دو چار قدم ہم بھی تِرے ساتھ چلے ہیں

iii - یوں تو ہنگامے اٹھاتے نہیں دیوانۂ عشق …… مگر اے دوست، کچھ ایسوں کا ٹھکانا بھی نہیں

حصّہ دوم

3 - درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے، سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے۔ (5+5 = 10)

(الف) پطرس اور تاج نے بھی مرزا صاحب سے اکتسابِ علم کیا۔ بعد میں پطرس خود انگریزی کے پروفیسر ہو گئے تھے، مگر اپنی غیر معمولی قابلیت و ذہانت کے باوجود مرزا صاحب کی عِلمیّت کے آگے اپنے آپ کو ہیچ سمجھتے تھے۔ مَیں نے بارہا پطرس کو مرزا صاحب کی خدمت میں حاضر ہوتے دیکھا ہے۔ پطرس کو مَیں نے کسی اور کا اتنا ادب واحترام کرتے نہیں دیکھا، یہاں تک کہ وائسرائے ہند کا بھی۔

(ب) سنا ہے، اپریل میں جاوید چند مہینوں کے لیے ولایت سے لاہور آئے گا۔ جب وہ چھوٹا سا تھا، ہر وقت میرے ساتھ ساتھ رہتا تھا۔ اللہ کے کرم سے اب بڑا ہوشیار ہو گیا ہے۔ جب اس کی والدہ کا انتقال ہوا تو وہ اور منیرہ بی بی بہت کم عمر تھے۔ ڈاکٹر صاحب نے نرس کے لیے اشتہار دیا۔ بے شمار جواب آئے۔ ایک بی بی نے تو یہ لکھ دیا کہ ڈاکٹر صاحب کے ساتھ شادی کرنے کے لیے بھی تیار ہے۔

(ورق اُلٹیے)

4 - درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ (10)

i - سلطان ٹیپو اپنی جدوجہد میں کیوں کامیاب نا ہو سکا؟

ii - چغل خور نے کسان کی بیوی کو کیا کہہ کر بدگمان کیا؟

iii - شیخوپورہ سے گزرتے ہوئے علی بخش کو کیا یاد آیا؟

iv - مرزا غالب کی دو کتابوں کے نام لکھیے۔

v - ادا جعفری کا اصل نام کیا ہے اور وہ کہاں پیدا ہوئیں؟

vi - نظم ''مال گودام روڈ'' کے شاعر کا کیا نام ہے اور یہ نظم اُن کے کس مجموعہ کلام میں شامل ہے؟

vii - کون سی قوتیں کسان سے سرنگوں رہتی ہیں؟

viii - نظم ''حمد'' میں شاعر کے مطابق انسان کو کس فطرت پر پیدا کیا گیا ہے؟

5 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (5)

(الف) نظریۂ پاکستان (ب) نام دیو مالی

6 - درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔ (15)

(الف) اطاعتِ والدین (ب) سیر وسیاحت: تفریح بھی، تعلیم بھی (ج) تندرستی ہزار نعمت ہے

7 - درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔ (10)

اسلام نے لفظ قوم کے معنی بدل دیے ہیں۔ اسلام سے پہلے کے تمام قومی سلسلے، تمام قومی رشتے، نسل یا علاقے سے تعلق رکھتے تھے۔ لیکن اسلام نے لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰه کے تحت ایک نیا روحانی بلکہ خدائی قومی رشتہ قائم کر دیا۔ اسلام کسی سے نہیں پوچھتا کہ وہ تُرک ہے یا تاجیک، وہ افریقہ کا رہنے والا ہے یا عرب کا، وہ چین کا باشندہ ہے یا ماچین کا، پاکستان میں پیدا ہوا ہے یا ہندوستان میں، وہ کالے رنگ کا ہے یا گورے رنگ کا بلکہ جس کسی نے اللہ کی توحید اور محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی رسالت کو مان لیا وہ ایک رشتے میں بند گیا۔ جس سے اچھا اور پیارا رشتہ اور کوئی نہیں۔

سوالات:

i - اسلام سے پہلے تمام قومی سلسلے اور تمام قومی رشتے کس سے تعلق رکھتے تھے؟

ii - اسلام نے لفظ قوم کو کتنی وُسعت دی ہے؟

iii - کیا اسلام میں نسل اور علاقے کا امتیاز جائز ہے؟

iv - کیا گورے مسلمان کو کالے مسلمان پر کوئی فوقیت حاصل ہے؟

v - اس عبارت کا عنوان لکھیے۔